© rasailojaraid.com



❀ دَو نوسر باز عورتوں نے خاتون کو بوٹی سونگھا کر پچیس ہزار روپے ہتھیا لئے۔ (ایک خبر)
وومن بینک کی اہلکار معلوم ہوتی ہیں۔

❀ عدم اعتماد کے موقع پر بے نظیر کو اڑھائی کروڑ کی پیشکش کی بات غلط ہے۔
(مولانا سراج دین پوری - پیپلز پارٹی)

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی!

❀ پاکستان ٹیلی ویژن کسی غیر اسلامی ملک کا ادارہ محسوس ہونے لگا ہے۔ (ایم ایس الف)
ڈوموں، میراثیوں کی حکومت میں یہی کچھ ہوگا۔ جناب!

❀ سندھ میں امن و امان ہے۔ (قائم علیشاہ)
ذرا قائم ہو کر بات کریں۔ شاہ جی!

❀ تحریک استقلال، پاکستان عوامی تحریک اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ میں
اشتراک عمل کا اعلان۔ (ایک خبر)
صرف تحریک کا لفظ مشترک ہے۔ باقی ایک دہریہ، دوسرا پیر فرتوت
اور تیسرا سبائی تبرّائی۔

❀ آزر بائیجان میں مسلمانوں کی ہلاکت پر پاکستان کا اظہار افسوس (دفتر خارجہ)
ے ساحل پہ تماشائی ہر ڈوبنے والے کا — افسوس تو کرتے ہیں امداد نہیں کرتے

❀ اپنا مارا ہوا شکار کھاؤں گا۔ (کھر)
کھوتا ڈیرے تے — ساڈا ماہیا اوہ لگدا — جہیڑا رہندا ہنیرے تے۔

❀ پولیس کا اے ایس آئی ڈاکوؤں کا سرغنہ نکلا، شہری، ڈکیتی کی رپورٹ درج کرانے
تھانے گئے تو وہاں ڈاکو۔ پولیس افسر کی وردی میں موجود تھا۔ (ایک خبر)
کیا پاکستان اسی لئے بنایا گیا تھا؟

❀ ایک خاتون ایوان میں دوپٹے اور چادریں آتی ہیں اور امریکی سفیر کے استقبال کے لئے
میں دوپٹہ بھی نہیں ہوتا۔ (آمنہ بی بی۔ ایم این اے)
ایک چہرے پہ کئی چہرے سجا لیتے ہیں لوگ

© rasailojaraid.com